# باب 2 تحریک پاکستان اور پاکستان کا قیام

**1. پہلی، دوسری اور تیسری گول میز کانفرنسز کب اور کہاں منعقد ہوئیں؟**

پہلی گول میز کانفرنس 1930، دوسری 1931 اور تیسری 1932 میں لندن میں منعقد ہوئیں۔

**2. شملہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟**

شملہ بھارت کی ریاست ہماچل پردیش کا ایک تفریحی مقام ہے۔ 1864 سے انگریزوں نے شملہ کو موسم گرما کے لیے دارالحکومت بنا دیا تھا اور گورنر جنرل گرمیاں شملہ میں گزارتے تھے۔

**3. جنرل ایوب خان نے کب اور کیوں استعفیٰ دیا؟**

جنرل ایوب خان نے 25 مارچ 1969 کو حالات کی خرابی کی وجہ سے استعفیٰ دیا۔

**4. سانحہ آرمی پبلک اسکول کب اور کہاں پیش آیا؟**

سانحہ آرمی پبلک اسکول 16 دسمبر 2014 کو پشاور میں پیش آیا۔

**5. کس مغل بادشاہ کی وفات کے بعد مسلم حکومت میں زوال کے آثار ظاہر ہوئے؟**

1707 میں اورنگزیب عالمگیر کی وفات کے بعد مسلم حکومت میں زوال کے آثار نمودار ہوئے۔

**6. نواب سراج الدولہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟**

نواب سراج الدولہ بنگال کے حکمران تھے۔ انہوں نے 1757 میں انگریزوں کا راستہ روکنے کی کوشش کی لیکن اپنوں کی غداری کی وجہ سے جنگ پلاسی میں شکست کھا گئے۔

**7. سید احمد شہید اور سید اسماعیل کب اور کہاں شہید ہوئے؟**

1831 میں سید احمد شہید اور ان کے رفیق خاص سید اسماعیل بالاکوٹ میں سکھوں سے لڑتے ہوئے شہید ہوئے۔

**8. سر سید احمد خان نے مسلمانوں کو انڈین نیشنل کانگریس میں شامل ہونے سے کیوں روکا؟**

سر سید احمد خان کو خدشہ تھا کہ کانگریس وقت کے ساتھ ایک ہندو جماعت بن جائے گی، اس لیے انہوں نے مسلمانوں کو اس میں شامل نہ ہونے کا مشورہ دیا۔

**9. رسالہ اسبابِ بغاوتِ ہند کیا ہے؟**

یہ سر سید احمد خان کی ایک اہم سیاسی خدمت تھی جس میں انہوں نے انگریزوں کو 1857 کی جنگِ آزادی کے حقیقی اسباب سے آگاہ کیا۔

**10. مسلم لیگ کا قیام کب اور کہاں عمل میں آیا؟ اس کے مقاصد کیا تھے؟**

مسلم لیگ کا قیام 30 دسمبر 1906 کو ڈھاکہ میں عمل میں آیا۔ اس کے مقاصد یہ تھے:

1. مسلمانوں کے سیاسی حقوق کی حفاظت۔
2. مسلمانوں میں برطانوی حکومت کے لیے وفاداری کے جذبات پیدا کرنا۔
3. برصغیر کی دیگر قوموں سے تعلقات بہتر بنانا۔

**11. تقسیم بنگال کب اور کیوں ہوئی؟**

1905 میں انتظامی سہولت کے لیے بنگال کو دو حصوں، مشرقی بنگال اور مغربی بنگال، میں تقسیم کیا گیا۔

**12. ہندوؤں نے تقسیم بنگال کی مخالفت کیوں کی؟**

ہندو اس تقسیم سے ناخوش تھے کیونکہ اس سے ان کی پورے بنگال پر اقتصادی اور سیاسی اجارہ داری ختم ہو گئی تھی۔

**13. شملہ وفد کب اور کس کی سربراہی میں وائسرائے ہند سے ملا؟**

اکتوبر 1906 میں مسلمانوں کا ایک وفد سر آغا خان کی قیادت میں وائسرائے ہند لارڈ منٹو سے ملا اور جداگانہ انتخابات کا مطالبہ کیا۔

**14. منٹو مارلے اصلاحات کیا تھیں؟**

1909 میں وزیر ہند مسٹر مارلے اور وائسرائے ہند لارڈ منٹو نے مل کر کچھ اصلاحات مرتب کیں جنہیں منٹو مارلے اصلاحات کہا جاتا ہے۔ ان کے تحت مسلمانوں کو پہلی بار جداگانہ انتخابات کا حق ملا۔

**15. قائد اعظم نے پنجاب مہاجر کونسل کا چیئرمین کس کو بنایا؟**

قائد اعظم نے پنجاب مہاجر کونسل کا چیئرمین لیاقت علی خان کو بنایا۔

**16. پہلی جنگِ عظیم کے بعد انگریزوں نے ترکی کو کن علاقوں سے محروم کیا؟**

ترکی کو سعودی عرب، شام، عراق، فلسطین اور اردن کے علاقوں سے محروم کر دیا گیا۔

**17. تحریک خلافت کب اور کیوں شروع ہوئی؟**

تحریک خلافت 1919 میں شروع ہوئی تاکہ ترکی کی خلافت کو بچایا جا سکے اور مسلمانوں کے مقدس مقامات کی حفاظت ترکوں کے ہاتھ میں رہے۔

**18. 3 جون 1947 کے منصوبے میں کیا فیصلہ کیا گیا؟**

اس منصوبے کے تحت برصغیر کی تقسیم کا اعلان کیا گیا اور فیصلہ ہوا کہ 14 اگست 1947 کو اقتدار ہندوستان کے نمائندوں کے حوالے کر دیا جائے گا۔

**19. قانون آزادی ہند کیا تھا؟**

یہ 18 جولائی 1947 کو منظور کیا گیا جس کے تحت ہندوستان کو دو ریاستوں، پاکستان اور بھارت، میں تقسیم کر دیا گیا۔

**20. قرارداد لاہور کب اور کہاں پیش ہوئی؟**

قرارداد لاہور 1940 میں مسلم لیگ کے اجلاس میں پیش کی گئی جو قائد اعظم کی صدارت میں ہوا۔

**21. لفظی معنی کے لحاظ سے نظریے سے کیا مراد ہے؟**

لفظی معنی کے لحاظ سے نظریہ سے مراد سوچ یا مقصد ہے۔

**22. نظریہ سے کیا مراد ہے؟**

کسی بھی مقصد کے حصول کے لیے بنایا گیا فکری خاکہ نظریہ کہلاتا ہے۔

گورنمنٹ کرسچین ہائی سکول ڈسکہ

**23.ہندو تحریکوں کے نام لکھیں۔**

(1) آریا سماج (2) برہمو سماج۔

**24.آج کی نوجوان نسل کو نظریہ پاکستان سے آگاہی رکھنے کی ضرورت کیوں ہے؟**

اس لیے کہ وہ جذباتی رشتے اور محبت قائم رکھ سکیں، تحریک پاکستان سے آگاہی حاصل کریں اور لسانی وعلاقائی نفرتوں کا خاتمہ ہو۔

**25.نظریہ پاکستان کے عناصر کون کون سے ہیں؟**

نظریہ پاکستان کے پانچ عناصر ہیں:

1. عقائد 2) عبادات 3) قانون کی حکمرانی 4) اخوت و مساوات 5) عدل و انصاف۔

**26.اردو اور ہندی کس رسم الخط میں لکھی جاتی ہیں؟**

اردو عربی رسم الخط میں جبکہ ہندی دیوناگری رسم الخط میں لکھی جاتی ہے۔

**27.ارکانِ اسلام کون سے ہیں؟**

1. توحید و رسالت 2) نماز 3) زکوٰۃ 4) روزہ 5) حج۔

**28.توحید سے کیا مراد ہے؟**

توحید سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ساری کائنات کا خالق و مالک ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور کوئی چیز اس کے علم سے باہر نہیں۔

**29.نماز کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟**

نماز اسلام کا دوسرا رکن ہے۔ مقررہ اوقات میں ادا کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔ نماز کو دین کا ستون قرار دیا گیا ہے۔

**30." ان الصلوٰۃ کانت علی المؤمنین کتابا موقوتا" کا ترجمہ کریں۔**

ترجمہ: "بے شک مومنوں پر نماز کا مقررہ اوقات میں ادا کرنا فرض ہے۔"

**31.نماز کے بارے میں ایک قرآنی آیت کا ترجمہ لکھیں۔**

ترجمہ: "بے شک مومنوں پر نماز کا مقررہ اوقات میں ادا کرنا فرض ہے۔"

**32.اخوت کے متعلق ایک حدیث کا ترجمہ لکھیں۔**

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے، وہ اس کے ساتھ خیانت نہ کرے اور نہ اس سے جھوٹ بولے۔"

**33.روزہ کیسی عبادت ہے؟ روزہ کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟**

روزہ ایک بدنی عبادت ہے جو بندے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان قربت کا ذریعہ ہے۔

**34.حج کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟**

حج اسلام کا پانچواں رکن ہے۔ یہ ہر صاحبِ استطاعت مسلمان پر فرض ہے۔ حج کے موقع پر "لبیک اللھم لبیک" مسلمانوں کے اتحاد اور بھائی چارے کی اعلیٰ مثال ہے۔

**35." ان اللہ علیٰ کل شیء قدیر" کا ترجمہ کریں۔**

ترجمہ: "بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔"

**36." انی جاعل فی الارض خلیفہ" کا ترجمہ کریں۔**

ترجمہ: "میں زمین میں اپنا نائب بنانے والا ہوں۔"

**37.اسلامی اقدار سے کیا مراد ہے؟**

عقائد و عبادات، عدل و انصاف، مساوات، رواداری، اخوت و بھائی چارہ اور شہریوں کے حقوق و فرائض کو اسلامی اقدار کہتے ہیں۔

**38.اسلامی اقدار کے نام لکھیں۔**

1. انصاف و مساوات 2) آزادی 3) رواداری 4) بھائی چارہ۔

**39.عدل وانصاف کے متعلق حضور ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟**

آپ ﷺ نے فرمایا: "جو قوم عدل و انصاف کو ترک کر دیتی ہے، تباہی اور بربادی اس کا مقدر بن جاتی ہے۔"

**40.چودھری رحمت علی کی دو خدمات لکھیں۔**

1. 1933 میں لندن میں پاکستان نیشنل موومنٹ کی بنیاد رکھی۔
2. 1933 میں کتابچہ "اب یا پھر کبھی نہیں" میں پاکستان کا نام تجویز کیا۔

**41.انگریزوں نے برصغیر پر قبضے کے بعد کس قسم کا نظامِ تعلیم متعارف کروایا؟**

انگریزوں نے ایسا تعلیمی نظام متعارف کروایا جس میں انگریزی زبان کو مرکزی حیثیت حاصل تھی۔

**42.ایسٹ انڈیا کمپنی نے ہندوستان میں کس قسم کی معاشی پالیسیاں بنائیں؟**

ایسی پالیسیاں جن سے زیادہ سے زیادہ مالی فائدہ انگریزوں کو پہنچتا تھا۔

**43.مساوات سے کیا مراد ہے؟**

ذات پات، رنگ و نسل اور زبان و ثقافت کے فرق کے بغیر سب انسانوں کو برابر سمجھنا مساوات ہے۔

**44.اخوت ہمیں کس بات کا درس دیتی ہے؟**

اخوت ہمیں برادرانہ تعلقات قائم رکھنے کا درس دیتی ہے۔

**45.قائداعظم نے قومیت کے بارے میں کیا فرمایا؟**

قائداعظم نے فرمایا کہ مسلمانوں کو قومیت کی ہر تعریف کے مطابق الگ قوم تسلیم کیا جانا چاہیے اور انہیں اپنی مملکت قائم کرنے کا حق ہے۔

**46.سرسید احمد خان کب اور کہاں پیدا ہوئے اور کب وفات پائی؟**

سرسید احمد خان 1817 میں دہلی میں پیدا ہوئے اور 1898 میں وفات پائی۔

گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ

**47. سب سے پہلے "دو قومی نظریہ" کی اصطلاح کس نے اور کب استعمال کی؟**

سر سید احمد خان نے 1867 میں بنارس میں اردو-ہندی تنازع کے موقع پر یہ اصطلاح استعمال کی۔

**48. سر سید احمد خان نے دو قومی نظریہ سے متعلق کیا فرمایا؟**

انہوں نے کہا کہ مسلمان اور ہندو الگ الگ قومیں ہیں۔

**49. امریکہ میں مساوی حقوق کی جدوجہد کن لوگوں نے شروع کی؟**

امریکہ میں مساوی حقوق کی جدوجہد سیاہ فام لوگوں نے شروع کی۔

**50. پنڈت دیانند سرسوتی کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟**

وہ آریہ سماج تحریک کا بانی تھا۔ اس نے "شدھی" پروگرام شروع کیا جس کا مقصد غیر ہندوؤں کو ہندو بنانا تھا۔

**51. راجہ رام موہن رائے کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟**

وہ برہمو سماج تحریک کا بانی تھا اور مسلمانوں کے خلاف تقریریں کرتا تھا۔

**52. شدھی پروگرام کس نے شروع کیا اور اس کا مقصد کیا تھا؟**

آریہ سماج کے بانی دیانند سرسوتی نے یہ پروگرام شروع کیا تاکہ غیر ہندوؤں کو ہندو بنایا جا سکے۔

**53. سلطنت دہلی کی بنیاد کب اور کس نے رکھی؟**

1206ء میں قطب الدین ایبک نے دہلی سلطنت کی بنیاد رکھی۔

**54. محمد بن قاسم کے حسنِ سلوک نے مقامی لوگوں کو کس قدر متاثر کیا؟**

وہ اس قدر متاثر ہوئے کہ محمد بن قاسم کو اوتار اور دیوتا سمجھنے لگے۔

**55. محمد بن قاسم کے ساتھ آنے والے عرب کہاں آباد ہوئے؟**

وہ سندھ اور ملتان میں آباد ہوئے اور اسلام کی تبلیغ کرنے لگے۔

**56. نظریہ کی اہمیت مختصر بیان کریں۔**

نظریہ اقوام کو متحد رکھتا ہے، مقاصد کے حصول میں مدد دیتا ہے اور قوم کی زندگی کا عکاس ہوتا ہے۔

**57. مساوات کے متعلق قرآن میں کیا ارشاد ہے؟**

اللہ نے فرمایا: "اے لوگو! ہم نے تمہیں ایک مرد اور عورت سے پیدا کیا اور قوموں اور قبیلوں میں تقسیم کیا تاکہ ایک دوسرے کو پہچانو۔ اللہ کے نزدیک زیادہ عزت والا وہ ہے جو زیادہ پرہیزگار ہے۔"

**58. زکوٰۃ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟**

زکوٰۃ اسلام کا تیسرا رکن اور ایک مالی عبادت ہے۔ یہ دولت کو گردش میں رکھتی ہے اور غریبوں تک پہنچاتی ہے۔

**59. کن مسلم رہنماؤں نے علیحدہ وطن کا مطالبہ کیا؟**

1867 میں سر سید احمد خان، 1879 میں جمال الدین افغانی، 1890 میں مولانا عبدالرحیم شرر، 1928 میں مرتضیٰ احمد میکش اور 1930 میں علامہ اقبال نے۔

**60. ایسٹ انڈیا کمپنی کے مسلمانوں پر منفی اثرات کیا تھے؟**

1. مسلمانوں کی زمینیں چھین کر دوسروں کو دی گئیں۔
2. ہندوؤں کو اعلیٰ عہدے دیے گئے۔
3. مسلمانوں کو سرکاری ملازمتوں سے نکال دیا گیا۔

**61. برصغیر کی دو ہندو تحریکوں کے نام لکھیں اور مقاصد بتائیں۔**

آریہ سماج (بانی: دیانند سرسوتی) اور برہمو سماج (بانی: راجہ رام موہن رائے)۔ ان کا مقصد ہندوازم کی اشاعت اور مسلمانوں کو کمزور کرنا تھا۔

گورنمنٹ کرسچین ہائی سکول ڈسکہ